Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## عظمیٰ بخاری کی پریس کانفرنس کا پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے جواب

بیں نمنڈیٹ چور حکومت کی ترجمان آنٹی کی پریس کانفرنس جھوٹ کا پلندہ اور بزدل شکست خوردہ سرکار کی خوف چھپانے کی کوشش ہے،

جعلی، جھوٹے اور من گھڑت شواہد کی بنیاد پر جھوٹے بیانیے تراشنے کی مہم نئی نہیں، مجرم گزشتہ اڑھائی برس سے یہی کام کرتے آئے ہیں،

یہ آنٹی تمیز کے دائرے میں رہ کر فرسٹریشن کا اظہار کرے، ذاتیات پر بات کی تو اس کی مالکن کی ”مدح سرائی“ کیلئے بہت سا مواد زبان زدِ عام ہے،

بشریٰ بی بی کسی سیاسی رہنما کی حیثیت میں نہیں، پاکستان کی شہری اور سابق وزیر اعظم کی اہلیہ کی حیثیت سے پاکستان کی حقیقی آزادی کیلئے جاری احتجاج کا حصہ ہیں، پورے ٹبر کو مقابلے کا مزہ لینے کا شوق بہت ہے مگر جب کبھی میدان سجتا ہے تو لندن سے پیچھے ان کی بریکیں نہیں لگتیں،

مارچ 2023 میں زمان پارک پر حملے سے 9 مئی تک اور اس کے بعد دے آج تک ان احمقوں کی پلے بک ذرا بھی تبدیل نہیں ہوئی،

جھوٹے من گھڑت شواہد کا جمعہ بازار لگانے والے 9 مئی کے حوالے سے کسی عدالت میں آج تک ایک بھی قابل بھروسہ ثبوت پیش نہیں کر سکے،

پرامن احتجاج کیلئے نکلنے والے ہزاروں افراد پر مشتمل احتجاجی قافلہ مکمل طور پر پرامن اور مثالی نظم و ضبط سے ڈی چوک کی جانب بڑھ رہا ہے، انتخاب ہاری ہوئی پانامہ رانی عوام اور پولیس کے مابین تصادم کی آڑ میں اپنی ناجائز سرکار کا دوام چاہتی ہے،

پوری دنیا نے پہلے بھی دیکھا اور آج بھی دیکھ رہی ہے کہ تحریک انصاف کے کارکنوں نے خود پر ظلم کرنے والے پولیس اہلکاروں کو ہاتھ لگنے کے باوجود نہ صرف یہ کہ نقصان نہیں پہنچایا بلکہ انہیں آزاد کیا،

کل سے اب تک کئی مناظر دنیا کے سامنے آچکے ہیں جن میں پولیس اہلکاروں کے پکڑے جانے پر انہیں بحفاظت آزاد کیا جا رہا ہے،

آمریت کی نرسری میں پلنے بڑھنے اور آمریت ہی کی چھتری تلے پروان چڑھنے والے پرامن احتجاج کی آئین و جمہوریت میں اہمیت سے ناواقف ہیں،

سرجاری شرانگیزوں نے اپنے ہی اہلکاروں کو کسی فالس فلیگ آپریشن کی آڑ میں خود خون میں نہ نہلایا تو انہیں عوام سے کوئی خطرہ نہیں،

پولیس اہلکاروں یا عوام کے خدانخواستہ کسی بھی جانی نقصان کی ذمہ داری مینڈیٹ چوروں اور ان کے سرپرستوں پر عائد ہوگی،

پنجاب اور وفاق کے مجرم آئی جیز کو برملا متنبّہ کرتے ہیں کہ کسی معصوم کی جان کو کچھ خطرہ لاحق ہوا تو عوام آپ سے حساب لیں گے،

کنٹینرز کی فصیلیں کانپ رہی ہیں، ٹٹوراج کا انجام اب نوشتہ دیوار ہے، ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ